© rasailojaraid.com



میں بھی شوخی اور رنگ آمیزی کے بجائے ایک مُعمّرانہ سنجیدگی یا شبابِ مضمحل کی سی افسردگی کا اثر زیادہ نمایاں نظر آتا ہے۔

**سرودِ غم** | از مولانا سیماب صاحب اکبرآبادی تقطیع ۲۲×۲۹/۱۶ ضخامت ۹۶ صفحات کتابت وطباعت اور کاغذ بہتر قیمت مجلد ۱۲ر پتہ:۔ مکتبۂ قصرالادب دفتر شاعر آگرہ

یہ مولانا کی ان نظموں، رباعیوں اور قطعات کا ایک خوشنما مجموعہ ہے جو آپ نے سید الشہداء امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت سے متاثر ہو کر لکھے ہیں۔ اس مجموعۂ کلام میں شہادت کا فلسفہ۔ اس کے اسرار و رموز حقائق و عِبَر۔ اور اس کے نتائج وعواقب۔ اور ہم لوگوں سے شہادتِ حسینی کا مطالبہ اور تقاضا۔ یہ سب امور ایک حقیقت رس شاعرانہ نقطۂ نگاہ سے بیان کیے گئے ہیں جن کو پڑھ کر دل میں اداسی اور افسردگی کے بجائے حرارتِ ایمانی اور جوشِ عمل کی فراوانی پیدا ہوتی ہے۔ اور عبرت وموعظت کا ایک ایسا سبق ملتا ہے جو دلوں کو گرماتا اور ذوقِ عمل کو بیدار کرتا ہے۔ شاعری کا منتہیٰ عروج وکمال یہ ہے کہ شاعر حقائق کی ترجمانی کرے اور ایک ایسے انداز میں کہ حقیقت اپنی تمام جلوہ سامانیوں کے ساتھ اہل بینش ودانش کے سامنے برافگندہ نقاب ہوجائے اور پڑھنے والے کا شوقِ تجسّس کسی پہلو سے بھی نامراد وتشنہ کام نہ رہے۔ جہاں تک امام حسینؓ کی عظیم المرتبت ذات گرامی صفات اور ان کی شہادت کا تعلق ہے یہ مقصد اس مجموعہ کے مطالعہ سے بدرجۂ اتم حاصل ہوسکتا ہے۔ امید ہے کہ اہلِ ذوق اس کی قدر کریں گے اور اس کے مطالعہ سے محظوظ وشادکام ہوں گے۔

**زندہ چین** | از جناب تمنائی صاحب پاکٹ اڈیشن ضخامت ۲۶۲ صفحات کتابت وطباعت عمدہ قیمت مجلد ۸ر پتہ:۔ نیا سنسار کتاب گھر بانکی پور (پٹنہ)

بانکی پور میں اردو کے چند باہمت خدمت گذاروں نے "نیا سنسار" کے ماتحت ایک اردو لائبریری سیریز کا کام شروع کیا ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ اردو زبان کی بلند پایہ ادبی کتابیں شائع کی جائیں اور توسیعِ اشاعت کی غرض سے ان کو زیادہ سے زیادہ کم داموں میں فروخت کیا جائے۔ چنانچہ اس سلسلہ کا پروگرام یہ ہے کہ . . .



© rasailojaraid.com